بعد مزید مراجع دوران تحقیق خود بخود سامنے آتے رہیں گے۔ وہ ذرائع یہ ہیں:

(۱) اساتذہ اور ماہرینِ فن:

سب سے پہلے طالبعلم کو اپنے اساتذہ اور ماہرین فن سے استفادہ کرنا چاہئے۔ ان کا بے لوث تعاون اس کے لیے اہم مراجع کی نشاندہی کا دروازہ کھول دیتا ہے۔

(۲) کتب خانوں کے نگران حضرات:

طالب علم کو چاہئے کہ ان تمام کتب خانوں کے نگران حضرات اور ان کے ماتحتوں سے دوستانہ تعلقات استوار کرے جن میں اس کا آنا جانا لگا رہتا ہے۔ مراجع کے حوالے سے ان حضرات کی معلومات بہت وسیع ہوتی ہیں اور وہ ایسی جدید و قدیم کتابوں سے واقف ہوتے ہیں جن تک دوسروں کی رسائی آسان نہیں ہوتی۔

(۳) کتب خانوں کی فہرستیں:

ہر معیاری کتب خانے میں کتابوں کی مرتب فہرستیں (کیٹلاگ) ہوتی ہیں۔ زیر تحقیق مضمون سے متعلقہ کتابوں کی فہرست پر نظر ڈالنے سے نئے نئے مراجع طالبعلم کے سامنے آتے جاتے ہیں۔

(۴) دائرہ ہائے معارف یا موسوعات (انسائیکلوپیڈیاز):

دائرۃ المعارف یا انسائیکلوپیڈیا میں جن موضوعات پر مختلف ماہرین سے مقالات لکھوائے جاتے ہیں، ان کے آخر میں ان مقالات کے مآخذ بھی درج ہوتے ہیں۔ طالبعلم اپنے موضوع سے متعلق تمام شخصیات، مقامات پر لکھے گئے مقالات کا مطالعہ کرے اور ان کے آخر میں دیئے گئے مراجع سے استفادہ کرے۔

www.alghanipublisher.com